# 36755-قربانی کی شرائط

## سوال

میں نے اپنی اور اولاد کی جانب سے قربانی کرنے کی نیت کی ہے ، تو کیا قربانی کے لیے جانور میں کچھ خاص اور معین صفات کا پایا جانا ضروری ہے ؟ یا یہ کہ میں کوئی بھی بکری ذبح کر سکتا ہوں ؟

## پسندیدہ جواب

قربانی کے لیے چھ شرائط کا ہونا ضروری ہے :

پہلی شرط :

وہ قربانی "بھیمۃ الانعام" [یعنی گھریلو پالتو جانوروں] میں سے ہو جو کہ اونٹ ، گائے ، بھیڑ بکری ہیں ؛ فرمانِ باری تعالی ہے :

(وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا لِيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَى مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ)
ترجمہ : اور ہر امت کے لیے ہم نے قربانی کا طریقہ مقرر فرما دیا ہے تا کہ وہ اللہ کے عطا کردہ [بھیمۃ الانعام یعنی] پالتو جانوروں پر اللہ کا نام لیں ۔ [الحج : 34]

اور "بھیمۃ الانعام" سے مراد اونٹ گائے بھیڑ اور بکری ہیں عرب کے ہاں یہی معروف ہے نیز حسن اور قتادہ سمیت دیگر اہل علم کا بھی یہی موقف ہے ۔

دوسری شرط :

قربانی کا جانور شرعی طور پر معین عمر کا ہونا ضروری ہے ، وہ اس طرح کہ بھیڑ کی نسل میں جذعہ [چھ ماہ کا بچہ] قربانی کیلیے ذبح ہو سکتا ہے جبکہ دیگر جانوروں میں سے ان کے اگلے دو دانت گرنے کے بعد قربانی ہوگی کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(مسنہ [یعنی جس کے اگلے دو دانت گر گئے ہیں اس] کے علاوہ کوئی جانور ذبح نہ کرو ، تاہم اگر تمہیں ایسا جانور نہ ملے تو بھیڑ کا جذعہ [یعنی چھ ماہ کا بچہ] ذبح کر لو) صحیح مسلم ۔

حدیث میں مذکور : "مسنہ" کا لفظ ایسے جانور پر بولا جاتا ہے جس کے اگلے دو دانت گر چکے ہوں یا اس سے بھی بڑے جانور کو "مسنہ" کہتے ہیں جبکہ "جذعہ" اس سے کم عمر کا ہوتا ہے ۔

لہذا اونٹ پورے پانچ برس کا ہو تو اس کے اگلے دو دانت گرتے ہیں ۔

گائے کی عمر دو برس ہو تو اس کے اگلے دو دانت گرتے ہیں ۔

جبکہ بکری ایک برس کی ہو تو وہ تو اس کے اگلے دانت گرتے ہیں ۔

اور جذعہ چھ ماہ کے جانور کو کہتے ہیں ، لہذا اونٹ گائے اور بکری میں سے آگے والے دو دانت گرنے سے کم عمر کے جانور کی قربانی نہیں ہوگی ، اور اسی طرح بھیڑ میں سے جذعہ سے کم عمر [یعنی چھ ماہ سے کم] کی قربانی صحیح نہیں ہوگی ۔

تیسری شرط :

قربانی کا جانور چار ایسے عیوب سے پاک ہونا چاہیے جو قربانی ہونے میں رکاوٹ ہیں :

1- آنکھ میں واضح طور پر عیب : مثلاً : جس کی آنکھ بہہ کر دھنس چکی ہو یا پھر بٹن کی طرح ابھری ہوئی ہو، یا پھر آنکھ مکمل سفید ہو کر کانے پن کی واضح دلیل ہو۔

2- واضح طور بیمار جانور : اس سے بیمار جانور مراد ہیں مثلاً : جانور کو بخار ہو جس کی بنا پر جانور گھاس نہ کھائے اور اسے بھوک نہ لگے، اسی طرح جانور کی بہت زیادہ خارش جس سے گوشت متاثر ہو جائے، یا خارش جانور کی صحت پر اثر انداز ہو، ایسے ہی گہرا زخم اور اسی طرح کی دیگر بیماریاں ہیں جو جانور کی صحت پر اثر انداز ہوں۔

3- واضح طور پر پایا جانے والا لنگڑا پن : ایسا لنگڑا پن جو صحیح سالم جانوروں کے ہمراہ چلنے میں رکاوٹ بنے۔

4- اتنا لاغر کہ ہڈیوں میں گودا باقی نہ رہے : کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جب یہ پوچھا گیا کہ قربانی کا جانور کن عیوب سے پاک ہونا چاہیے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کر کے فرمایا چار عیوب سے : ( وہ لنگڑا جانور جس کا لنگڑا پن واضح ہو، اور آنکھ کے عیب والا جانور جس کی آنکھ کا عیب واضح ہو، اور بیمار جانور جس کی بیماری واضح ہو، اور وہ کمزور جانور جس کی ہڈیوں میں گودا ہی نہ ہو) ۔ اسے امام مالک رحمہ اللہ نے موطا میں براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے ۔

اور سنن میں براء بن عازب رضی اللہ عنہ ہی سے ایک روایت مروی ہے جس میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور فرمایا : (چار قسم کے جانور قربانی میں جائز نہیں ) اور پھر آگے یہی حدیث ذکر کی ہے ۔

علامہ البانی رحمہ اللہ نے ارواء الغلیل (1148) میں اسے صحیح قرار دیا ہے ۔

لہذا یہ چار عیب ایسے ہیں جن کے پائے جانے کی بنا پر قربانی نہیں ہوگی، اور ان چار عیوب کے ساتھ دیگر عیوب بھی شامل ہیں جو ان جیسے یا ان سے بھی شدید ہوں تو ان کے پائے جانے سے بھی قربانی نہیں ہوگی، جیسے کہ درج ذیل عیوب ہیں :

1- نابینا جانور جس کو آنکھوں سے نظر ہی نہ آتا ہو۔

2- وہ جانور جس نے اپنی طاقت سے زیادہ چر لیا ہو؛ اس کی قربانی اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک وہ صحیح نہ ہو جائے اور اس سے خطرہ ٹل نہ جائے ۔

3- وہ جانور جسے بچہ جننے میں کوئی مشکل درپیش ہو جب تک اس سے خطرہ زائل نہ ہو جائے ۔

4- زخم وغیرہ لگا ہوا جانور جس سے اس کی موت واقع ہونے کا خدشہ ہو، گلا گھٹ کر یا بلندی سے نیچے گر کر یا اسی طرح کسی اور وجہ سے ؛ اس وقت تک ایسے جانور کی قربانی نہیں ہو سکتی جب تک کہ اس سے یہ خطرہ زائل نہیں ہو جاتا ۔

5- دائمی بیمار، یعنی ایسا جانور جو کسی بیماری کی وجہ سے چل پھر نہ سکتا ہو۔

6- اگلی یا پچھلی ٹانگوں میں سے کوئی ایک ٹانگ کٹی ہوئی ہو۔

جب ان چھ عیوب کو حدیث میں بیان چار عیوب کے ساتھ ملایا جائے تو ان کی تعداد دس ہو جائے گی ؛ چنانچہ ان کی قربانی نہیں کی جائے گی ۔

چوتھی شرط :

وہ جانور قربانی کرنے والے کی ملکیت میں ہو یا پھر اسے شریعت یا مالک کی جانب سے اجازت ملی ہو۔

لہذا جو جانور ملکیت میں نہ ہو اس کی قربانی صحیح نہیں ، مثلاً غصب یا چوری کردہ جانور اور اسی طرح باطل اور غلط دعوے سے ہتھیایا گیا جانور، کیونکہ اللہ تعالی کی معصیت و نافرمانی کے ذریعے اللہ کا قرب حاصل نہیں ہوسکتا ۔

اور یتیم کا سرپرست یتیم کی جانب سے ایسی صورت میں قربانی کرسکتا ہے جب یتیم اپنے مال سے قربانی نہ ہونے پر مایوس ہوجائے اور عرف عام میں یتیم کی طرف سے قربانی کرنے کا رواج بھی ہو۔

اسی طرح موکل کی جانب سے اجازت کے بعد وکیل کا قربانی کرنا بھی صحیح ہے ۔

پانچویں شرط :

کہ جانور کا کسی دوسرے کے ساتھ تعلق نہ ہو، لہذا رہن رکھے گئے جانور کی قربانی نہیں ہوسکتی ۔

چھٹی شرط :

قربانی کو شرعاً محدود وقت کے اندراندر ذبح کیا جائے ، اور یہ وقت دس ذوالحجہ کو نماز عید کے بعد سے شروع ہوکر ایام تشریق کے آخری دن سورج غروب ہونے تک باقی رہتا ہے ، ایام تشریق کا آخری دن ذوالحجہ کی تیرہ تاریخ بنتا ہے ، تو اس طرح ذبح کرنے کے چار دن ہیں یعنی : عید کے دن نماز عید کے بعد، اور اس کے بعد تین دن یعنی گیارہ ، بارہ اور تیرہ ذوالحجہ کے ایام قربانی کے دن ہیں ۔

لہذا جس نے بھی نماز عید سے قبل قربانی ذبح کرلی یا پھر تیرہ ذوالحجہ کو غروب شمس کے بعد کوئی شخص قربانی کرتا ہے تو اس کی یہ قربانی صحیح نہیں ہوگی ۔

جیسے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : (جس نے نماز[عید] سے قبل ذبح کرلیا وہ صرف گوشت ہے جو وہ اپنے اہل عیال کو پیش کررہا ہے اور اس کا قربانی سے کوئی تعلق نہیں ) ۔

اور جندب بن سفیان بجلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ حاضر تھا تو آپ نے فرمایا : (جس نے نماز عید سے قبل ذبح کرلیا وہ اس کے بدلے میں دوسرا جانور ذبح کرے ) ۔

اسی طرح نبیشہ ھذلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : (ایام تشریق کھانے پینے اور ذکر الہی کے ایام ہیں ) اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے ۔

لیکن اگر ایام تشریق سے قربانی کو مؤخر کرنے کا کوئی عذر پیش آجائے مثلاً قربانی کا جانور بھاگ جائے ، اور اس کے بھاگنے میں مالک کی کوئی کوتاہی نہ ہو اور وہ جانور ایام تشریق کے بعد ہی واپس ملے ، یا اس نے کسی کو قربانی ذبح کرنے کا وکیل بنایا تو وکیل ذبح کرنا ہی بھول گیا اور وقت گزر گیا ، تو اس عذر کی بنا پر وقت گزرنے کے بعد ذبح کرنے میں کوئی حرج نہیں ، اور [اس کی دلیل یہ ہے کہ جس طرح] نماز کے وقت میں سویا ہوا یا بھول جانے والا شخص جب سو کر اٹھے یا اسے یاد آئے تو نماز ادا کرے گا [بالکل اسی طرح یہ بھی قربانی ذبح کرے گا] ۔

اور مقررہ وقت کے اندر دن یا رات میں کسی بھی وقت قربانی کی جا سکتی ہے ، قربانی دن کے وقت ذبح کرنا اولی اور بہتر ہے ، اور عید والے دن نماز عید کے خطبہ کے بعد ذبح کرنا زیادہ افضل اور اولی ہے ، اور ہر آنے والا دن گزشتہ دن سے کم تر ہو گا ، کیونکہ جلد از جلد قربانی کرنے میں خیر و بھلائی کیلیے سبقت ہے " ختم شد.